**نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور مجوزہ اقدامات**

**سول ایوی ایشن ڈیپارٹمنٹ**

سول ایوی ایشن ڈیپارٹمنٹ (CAD) ایک محفوظ ، موثر اور پائیدار ہوائی سفر کے نظام کے لیے پرعزم ہے۔ CAD جدوجہد کرتا ہے کہ وہ نسلی پس منظر سے قطع نظر ، سب عوام تک معیاری خدمات کی فراہمی اور ہماری خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنائے۔

متعلقہ خدمات

- CAD ہوائی مسافر روانگی ٹیکس (APDT) کی واپسی کے لیے آن لائن ، ڈاک اور ذاتی طور پر جمع کرائی گئی درخواستوں پر کارروائی کرتا ہے۔CAD ہوائی جہاز کے شور سے متعلقہ شکایات اور پوچھ گچھ کا بھی انتظام کرتا ہے۔

موجودہ اقدامات

- CAD اپنی خدمات کی فراہمی کے لیے ہانگ کانگ کی دو سرکاری زبانیں (یعنی چائینیز اور انگریزی) استعمال کرتا ہے۔ CAD کی ویب سائٹ پر CAD سے متعلق منتخب کردہ ضروری معلومات فراہم کرنے کے لیے آٹھ زبانوں یعنی بھاسا انڈونیشیا ، ہندی ، نیپالی ، پنجابی ، اردو ، تگالگ ، تھائی اور ویتنامی میں ایک مخصوص صفحہ تیار کیا گیا ہے۔

- جہاں ضروری اور مناسب ہوا وہاں زبانی و تحریری ترجمہ کی خدمت کا انتظام کیا جائے گا۔ عملہ زبان سے متعلق خدمت مہیا کرنے والے کارکنوں جیسے نسلی اقلیتی مرکز (CHEER) کی خدمات حاصل کرسکتا ہے ۔ CHEER آٹھ زبانوں یعنی بھاسا انڈونیشیا ، ہندی ، نیپالی ، پنجابی ، اردو ، تگالگ ، تھائی اور ویتنامی میں ٹیلیفون پر ترجمہ کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ یہ خدمت مختلف نسل کے لوگوں کوCAD کی ویب سائٹ اور CAD کے سروس کاؤنٹرز پر پوسٹر کے ذریعے متعارف کروائی گئی ہے۔
- کے لئے سرکاری ملازمت کے مواقع میں (NEC) غیر نسلی چینیوں اضافہ کرنے کے لئے، اسسٹنٹ آپریشنز آفیسر )ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن (اور آپریشنز آفیسر )ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن (رینک کے لئے چینی زبان کی مہارت سے متعلق داخلے کی شرط کو 2018 سے کم کردیا گیا ہے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- CAD وقتا فوقتا اپنی خدمات کا جائزہ لے گا ، جس میں عوام اور عملہ

کی رائے اور مشوروں کو مدنظر رکھے گا تاکہ نسلی اقلیتوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنی خدمات میں مزید اضافہ کرے۔

| | | |
|---|---|---|
| اضافی اقدامات جو کیے گئے ہیں/ کیے جائیں گے | ● | CAD نسلی اقلیتی زبانوں میں CAD ویب سائٹ کی ضروری معلومات کی تجدید جاری رکھے گا۔ |
| | ● | سی اے ڈی نے 2022 سے این ای سی کے طلباء کے لئے انٹرن شپ پروگرام میں حصہ لیا ہے تاکہ نوجوان این ای سی کو کام کا تجربہ حاصل کرنے اور روزگار کے لئے ان کی مسابقت کو بڑھانے میں مدد مل سکے۔ |

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور مجوزہ اقدامات کے بارے میں پوچھ گچھ کے لیے، ، ڈپٹی ڈیپارٹمنٹل سیکرٹری (جنرل) سے درج ذیل ذرائع استعال محترمہ رافیل وونگ براہ کرم کرکے رابطہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلی فون نمبر | : | 2910 6340 |
| فیکس نمبر | : | 2910 6351 |
| ای میل | : | enquiry@cad.gov.hk |
| ڈاک کا پتہ | : | 5/F, Office building, Civil Aviation Department Headquarters, 1 Tung Fai Road, Hong Kong International Airport, Lantau |

**سول ایوی ایشن ڈیپارٹمنٹ**

**جولائی2024**